© rasailojaraid.com



مسلمانان مغربی افریقہ بالخصوص لائبیریا۔ ٹوگو۔ ایوری کوسٹ اور آپر والٹا وغیرہ کے ممالک میں دینی تعلیمات اور اسلامی اقدار کے فروغ کے لئے حسب ذیل اشیاء کی اشد ضرورت ہے جس کے لئے درخواست کی گئی ہے۔

۱۔ دینی اساتذہ کی (پاکستان میں) تربیت۔

۲۔ قرآن مجید کے نسخے اور اسلامی مطبوعات انگریزی اور فرانسیسی زبانوں میں۔ بالخصوص قرآن مجید (عربی متن مع فرانسیسی ترجمہ) برائے ٹوگو۔ ایوری کوسٹ۔ اور آپر والٹا وغیرہ

۳۔ مسلمانان لائبیریا اور ٹوگو وغیرہ کی اسلامی تنظیموں کو پاکستان آنے کی دعوت تاکہ وہ دینی مدارس اور دیگر دینی و فلاحی انجمنوں کے کام سے واقفیت حاصل کر سکیں۔

۴۔ علمائے کرام کے وفود کے دورے اور تبادلے کے انتظامات وغیرہ

۵۔ وہاں کے مسلمانوں کا پاکستان کے ٹیکنیکل کالجوں (انجینئرنگ۔ میڈیکل۔ پولی ٹیکنیک وغیرہ) میں داخلے کی سہولتوں کی [illegible]

آپ سے گذارش ہے کہ آپ احیائے اسلام کے سلسلہ میں مسلمانان مغربی افریقہ کی بھرپور مدد کریں۔
اگر اس ضمن میں مزید معلومات درکار ہوں تو مظہر حسین صاحب سیکنڈ سیکرٹری سفارت خانہ پاکستان پوسٹ بکس ۱۱۱۴۔ اکرہ۔ گھانا (مغربی افریقہ) سے رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے۔

محمد سمیع اللہ، سیکرٹری ادارہ تحقیقات اسلامی۔ اسلام آباد

**فقیر صاحب کے سوانح** | ایک فاضل دوست جناب میاں فقیر جمال بیگ مرحوم عرف فقیر میاں صاحب کے سوانح پر کام کرنا چاہتے ہیں۔ اس سلسلہ میں جس قسم کا بھی سوانحی مواد موجود ہو۔ مدیر الحق کی معرفت ارسال فرما کر علمی کام میں مدد دیں۔

**قادیانیت** | مجلس شوریٰ میں قادیانیت کے سلسلہ میں جب کہ یہ فتنہ دوبارہ ابھر رہا تھا آپ حضرات نے پورے عالم اسلام کی ترجمانی کی۔ اور اسے زیر و زبر کر دیا۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ آپ حضرات سے وہاں ایسا کام لے۔

مولانا حسین احمد حقانی و جمیع فضلاء حقانیہ۔ کراچی

نئے آرڈیننس پر دلی مبارک باد اور دیگر مطالبات منوانے کے لئے جد و جہد کی اپیل۔

محمد عرفان قادری تحفظ ختم نبوت ٹنڈو آدم سندھ

## وفیات

دار العلوم حقانیہ سے تعلیمی دینی اور روحانی تعلق رکھنے والے ایک نہایت مثالی خاندان کے چشم و چراغ مولانا میاں فرمان اللہ بادشاہ صاحب اضاخیل بالا تحصیل نوشہرہ میں انتقال فرما گئے۔ مرحوم نوجوان دار العلوم کے فیض یافتہ اور مولانا رحم اللہ بادشاہ صاحب مولانا نثار اللہ بادشاہ صاحب فضلاء حقانیہ کے فرشتہ سیرت بھائی تھے۔ نماز جنازہ حضرت شیخ الحدیث نے پڑھایا تمام وابستگان سے خصوصی دعائے مغفرت کی اپیل ہے۔

سمیع الحق



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com